# 37665 - روزے کے لیے جبڑے کو سیدھا رکھنے کےلیے لگایا گیا کلمپ منہ سے نکالنا ضروری نہیں

## سوال

کیا جبڑے کوسیدھا رکھنے والا کلمپ روزے کے لیے اتارنا ضروری ہے ، کیونکہ جب میں بات چیت کرتاہوں تووہ میرے منہ میں بہت زیادہ لعاب پیدا کرتا ہے جسے مجبورا نگلنا پڑتا ہے ، اللہ تعالی آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے ؟

## پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

روزے کے لیے جبڑے کوسیدھا رکھنے والاکلمپ وغیرہ اتارنا ضروری نہیں ہے ، کیونکہ اس سے معدہ میں کوئي چیز نہیں جاتی ، اوریہ کہ اس سے لعاب زیادہ بنتا ہے اس کی وجہ سے روزہ نہیں ٹوٹتا ۔

علماء کرام نے صراحتا بیان کیا ہے کہ روزے دارکا منہ میں درہم رکھنا جائز ہے ، لھذا جبڑے کو سیدھا کرنے والا کلمپ توبالاولی جائز ہوا کیونکہ یہ تو انسان اپنی ضرورت کے لیے رکھتا ہے ۔

امام احمد رحمہ اللہ تعالی کہتےہیں :

جس نے اپنے منہ میں روزے کی حالت میں درہم یا دینار رکھا اوروہ اپنے حلق میں اس کا ذائقہ محسوس نہ کرے تو اس کا روزہ صحیح ہے اس میں کوئي حرج نہيں ، لیکن جب اس کا ذائقہ پائے تو پھر مجھے اچھا نہيں لگتا کہ وہ منہ میں رکھے ۔ ا ھ دیکھیں المغنی لابن قدامہ ( 4 / 359 ) ۔

پھریہ بھی ہے کہ تھوک نگلنے سے روزے کو کوئي نقصان نہیں چاہےوہ زیادہ ہی کیوں نہ ہو ۔

واللہ اعلم .